روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ہفتہ 12مارچ 2011ء 6ربیع الثانی 1432 ہجری 12/امان 1390ہش جلد 61-96 نمبر 59

اللہ اولاد سے پاک ہے

اورانہوں نے جنوں کواللہ کے شریک بنالیا ہے جبکہ اُسی نے انہیں پیدا کیا ہے اورانہوں نے بغیر کسی علم کے اس کیلئے بیٹے اور بیٹیاں گھڑ لئے ہیں۔ پاک ہے وہ اوراس سے بہت بلند ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

(الانعام:101)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

تیسری ترقی جو قربت کے میدانوں میں چلنے کے لئے انتہائی قدم ہے۔ اس آیت میں تعلیم کی گئی ہے۔ جو فرمایا ہے۔ غیر المغضوب .... یہ وہ مرتبہ ہے جس میں انسان کو خدا کی محبت اوراس کے غیر کی عداوت سرشت میں داخل ہو جاتی ہے اور بطریق طبیعت اس میں قیام پکڑتی ہے اور صاحب اس مرتبہ کا اخلاق الٰہیہ سے ایسا ہی بالطبع پیار کرتا ہے کہ جیسے وہ اخلاق حضرت احدیت میں محبوب ہیں اور محبت ذاتی حضرت خداوند کریم کی اس قدر اس کے دل میں آمیزش کر جاتی ہے کہ اس کے دل سے محبت الٰہی کا منفک ہونا مستحیل اور ممتنع ہوتا ہے اور اگر اس کے دل کو اور اس کی جان کو بڑے بڑے امتحانوں اور ابتلاؤں کے سخت صدمات کے پیچ میں دے کر کوفتہ کیا جائے اور نچوڑا جائے تو بجز محبت الٰہیہ کے اور کچھ اس کے دل اور جان سے نہیں نکلتا۔ اسی کے درد سے لذت پاتا ہے اور اسی کو واقعی اور حقیقی طور پر اپنا دلآرام سمجھتا ہے۔ یہ وہ مقام ہے جس میں تمام ترقیات قرب ختم ہو جاتی ہیں اور انسان اپنے اس انتہائی کمال کو پہنچ جاتا ہے کہ جو فطرت بشری کے لئے مقدر ہے۔ .... چنانچہ منجملہ ان خواص عالیہ کے ایک خاصہ روحانی سورہ فاتحہ میں یہ ہے کہ دلی حضور سے اپنی نماز میں اس کو ورد کر لینا اور اس کی تعلیم کو فی الحقیقت سچ سمجھ کر اپنے دل میں قائم کر لینا تنویر باطن میں نہایت دخل رکھتا ہے۔ یعنی اس سے انشراح خاطر ہوتا ہے اور بشریت کی ظلمت دور ہوتی ہے اور حضرت مبدء فیوض کے فیوض انسان پر وارد ہونے شروع ہو جاتے ہیں اور قبولیت الٰہی کے انوار اس پر احاطہ کر لیتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ ترقی کرتا کرتا مخاطبات الٰہیہ سے سرفراز ہو جاتا ہے اور کشوف صادقہ اور الہامات واضحہ سے تمتع تام حاصل کرتا ہے اور حضرت الوہیت کے مقربین میں دخل پالیتا ہے اور وہ وہ عجائبات القائے غیبی اور کلام لاریبی اور استجابت ادعیہ اور کشف مغیبات اور تائید حضرت قاضی الحاجات اس سے ظہور میں آتی ہیں کہ جس کی نظیر اس کے غیر میں نہیں پائی جاتی۔

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد 1ص619تا 629)

تحریک کفالت یتامیٰ کا اعادہ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ فرمودہ 26فروری 2010ء (مطبوعہ روزنامہ الفضل 13/ اپریل2010ء) میں دنیا بھر میں بسنے والے احمدی احباب کو پاکستان میں احمدی یتامیٰ کی خبر گیری کی تحریک کا اعادہ فرمایا جن میں قرآن کریم، احادیث نبویہؐ کے حوالہ جات بیان فرمائے۔ جس میں یتامیٰ کی اصلاح اور بھلائی کا ذکر کیا ہے۔ جو لوگ ڈرتے ہیں کہ اپنے بعد کمزور اولاد چھوڑ جائیں گے تو انہیں چاہئے کہ دوسروں کے متعلق یعنی یتیموں کے حقوق کے متعلق بھی ڈر سے کام لیں کہ کبھی ان کے بچے بھی یتیم ہو سکتے ہیں اور جو اللہ کی رضا چاہنے والے ہیں وہ کھانے کو اس کی چاہت کے ہوتے ہوئے بھی مسکینوں اور یتیموں کو کھلاتے ہیں (اور اسیروں کو بھی) گویا حالات جیسے بھی تنگ ہوں یتیموں کا حق ادا کرتے ہیں۔ یتیم کی پرورش اور کفالت کرنے والے کو جنت میں اپنے ساتھ ہونے کی خوشخبری ہاتھ کی انگلیاں ملانے والی مثال دے کر دی ہے۔ یتیم بچے یا بچی پر احسان کرنے والے کو جنتی قرار دیا ہے اور اسی وجہ سے آپؐ کے صحابہؓ یتیم کی پرورش کا حق لینے کے حریص تھے تاکہ جنت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں میں جگہ ملے نیز اس خطبہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے پاکستان کے مخیّر اور صاحب حیثیت احباب کو یتامیٰ فنڈ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی طرف توجہ دلائی ہے۔

سینکڑوں بچوں کی پرورش کیلئے لاکھوں روپے کی ضرورت ہے اور یہ خرچ بڑی احتیاط سے کیا جاتا ہے۔ ہر طرح کے اخراجات نیز بچوں کی شادی بیاہ و رہائش اور تعلیمی اخراجات ادا کئے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(سیکرٹری کفالت یتامیٰ ۔ پاکستان)

مشعلِ راہ

ہر مصیبت کے وقت خدا کی طرف جھکنا صبر ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 13 فروری 2004ء میں فرماتے ہیں۔

صبر ایک ایسا خلق ہے، اگر کسی میں پیدا ہو جائے یعنی اس طرح پیدا ہو جائے جو اس کا حق ہے تو انسان کی ذاتی زندگی بھی اور جماعتی زندگی میں بھی ایک انقلاب آ جاتا ہے۔ اور انسان اللہ تعالیٰ کے فضلوں کی بارش اپنے اوپر نازل ہوتے دیکھتا ہے، اب دیکھنا یہ ہے کہ صبر کرنے کا حق کس طرح ادا ہو؟ اس کو آزمانے کے لئے ہر روز انسان کو کوئی نہ کوئی موقع ملتا رہتا ہے، کوئی نہ کوئی موقع پیدا ہوتا رہتا ہے کوئی نہ کوئی دکھ، مصیبت، تکلیف، رنج یا غم کسی نہ کسی طرح انسان کو پہنچتا رہتا ہے، چاہے وہ معمولی یا چھوٹا سا ہی ہو۔ تو اس آیت میں فرمایا کہ جب کوئی ایسا موقع پیدا ہو تو اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے جو تمہیں اس دکھ، تکلیف، پریشانی یا اس مشکل سے نکال سکتی ہے اس لئے اس کے سامنے جھکو، اس سے دعا مانگو کہ وہ تمہاری تکلیف اور پریشانی دور فرمائے لیکن دعا بھی تب ہی قبولیت کا درجہ پاتی ہے جب کسی قسم کا بھی شکوہ یا شکایت زبان پر نہ ہو اور لوگوں کے سامنے اس کا اظہار کبھی نہ ہو بلکہ ہمیشہ صبر کا مظاہرہ ہو اور ہمیشہ صبر دکھاتے رہو۔ اور اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر ہو اور اس سے عرض کرو کہ اے اللہ! میں تیرے سامنے سر رکھتا ہوں، تیرے سامنے جھکتا ہوں، تجھ سے ہی اپنی اس پریشانی اور تکلیف اور مشکل کو دور کرنے کی التجا کرتا ہوں۔ میں نے کسی اور کے آگے ہاتھ نہیں پھیلانا۔ یہ تکلیف یا پریشانی جو مجھے آئی ہے میری کسی غلطی کی وجہ سے آئی ہے یا میرے امتحان کے لئے آئی ہے میں اس کی وجہ سے تیرا نافرمان نہیں ہوتا، نہ ہونا چاہتا ہوں، اس کو دور کرنے کے لئے میں کبھی بھی غیر اللہ کے سامنے نہیں جھکتا۔ بلکہ صبر سے اس کو برداشت تو کر رہا ہوں لیکن تجھ سے اے میرے پیارے خدا! میں التجا کرتا ہوں کہ مجھے اس سے نجات دے اور ساتھ ہی یہ بھی التجا کرتا ہوں کہ اس امتحان میں، اس ابتلاء میں مجھے اپنے حضور میں ہی جھکائے رکھنا کبھی کسی غیر اللہ کے در پر جانے کی غلطی مجھ سے نہ ہو۔ اور یہ صبر اور یہ تیرے در پہ جھکنا اے اللہ! تیرے فضل سے ہی ہو سکتا ہے اور اے اللہ! کبھی اپنے نافرمانوں میں سے مجھے نہ بنانا۔ تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب یہ رویّہ تمہارا ہو گا اور اس فکر اور کوشش سے تم میرے در پر آؤ گے تو میں تمہیں خوشخبری دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ پھر ایسے صبر کرنے والوں کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور ایسے ایسے راستوں سے اس کی مدد کرتا ہے جہاں تک انسان کی سوچ بھی نہیں جا سکتی۔

حضرت مصلح موعود نے صبر کے معانی اور اس کی کیا کیا صورتیں پیدا ہو سکتی ہیں کے بارے میں بڑی تفصیل سے بیان فرمایا ہے یہاں میں مختصراً کچھ عرض کر دیتا ہوں۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ صبر کے معنی کیا ہیں، الصَّبْرُ، صبر کے اصل معنی تو رکنے کے ہیں۔ مگر اس لفظ کے استعمال کے لحاظ سے اس کے مختلف معانی ہیں چنانچہ اس کے ایک معنی تَرْکُ الشَّکْوٰی مِنْ اَلَمِ الْبَلْوٰی لِغَیْرِ اللّٰہِ یعنی جب کوئی مصیبت اور ابتلاء وغیرہ انسان کو پہنچے اور اس سے تکلیف ہو تو خدا تعالیٰ کے سوا دوسروں کے پاس اس کی شکایت نہ کرنا صبر کہلاتا ہے، ہاں اگر وہ خدا تعالیٰ کے حضور اپنی بے کسی کی شکایت کرتا ہے تو یہ صبر کے منافی نہیں چنانچہ لغت کی کتاب اقرب الموارد میں لکھا ہے اِذَا دَعَا اللّٰہَ الْعَبْدُ فِی کَشْفِ الضُّرِّ عَنْہُ لَا یُقْدَحُ فِی صَبْرِہٖ جب بندہ خدا تعالیٰ سے اپنی مصیبت کے دور کرنے کے لئے دعا کرتا ہے تو اس پر یہ اعتراض نہیں ہو سکتا کہ اس نے بے صبری دکھائی ہے۔ چونکہ صبر کے اصل معنی رکنے کے ہوتے ہیں اس لئے محققین لغت نے لکھا ہے کہ اَلصَّبْرُ صَبْرَانِ، صَبْرٌ عَلٰی مَا تَھْوِیْ وَ صَبْرٌ عَلٰی مَا تَکْرَہُ یعنی صبر کی دو قسمیں ہیں جس چیز کی انسان کو خواہش ہو اس سے باز رہنا بھی صبر کہلاتا ہے اور جس چیز کو ناپسند کرتا ہو لیکن خدا تعالیٰ کی طرف سے وہ آ جائے اس پر شکوہ نہ کرنا بھی صبر کہلاتا ہے۔

(روزنامہ الفضل 20 / اپریل 2004ء)

فقط ایک طلب

مجھ سے سہمے ہوئے چہرے نہیں دیکھے جاتے
مجھ سے روتے ہوئے بچے نہیں دیکھے جاتے

مانگتے پھرتے ہیں بس ایک کفن کی خیرات
چلتے پھرتے ہوئے لاشے نہیں دیکھے جاتے

جُھوٹ بستی کو نگل جائے گا ڈر لگتا ہے
سہمے سمٹے ہوئے سچے نہیں دیکھے جاتے

خاک میں لپٹے حسیں، خون میں نہلائے جواں
ہوں تمہارے یا ہمارے نہیں دیکھے جاتے

تیرگی جن کے تعاقب میں پھرا کرتی ہے
ایسے بے نور اجالے نہیں دیکھے جاتے

یوں قطاروں میں کھڑے جامہ تلاشی کے لئے
پڑھنے آئے تھے جو بچےؔ نہیں دیکھے جاتے

دیکھا جاتا ہے میرے عہد میں قاتل کا نسب
ہاتھ پر خون کے دھبے نہیں دیکھے جاتے

تجھ سے اے قادر و عادل ہے فقط ایک طلب
اپنی دنیا کو بدل دے یا مرے دل کو بدل

مبشر احمد محمود

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

بنگلہ دیش کے جلسہ سے میرا پہلا براہ راست مخاطب ہونا اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو سمیٹتے ہوئے ایسے راستوں کی خوشخبریاں دے جو راستے کی تمام روکوں سے صاف ہو۔

اللہ تعالیٰ وہ موقع بھی لائے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ ضرور لائے گا جب خلافت احمدیہ دنیا کے تمام ملک، کیا مشرق اور کیا مغرب، کیا شمال اور کیا جنوب میں عزت واحترام سے دیکھی جائے گی اور اس کی پذیرائی ہوگی۔

اپنے قادر وتوانا خدا سے ایسا دل لگائیں جس کے مقابلے میں سب رشتے ہیچ ہوں۔ اگر ہم یہ تعلق اپنے پیدا کرنے والے خدا سے قائم کرلیں گے تو حقیقت میں یہی ہماری کامیابی کا دن ہوگا۔

خالص ہوکر اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طرف توجہ دینا ہماری ایک بہت بڑی ذمہ داری ہے

بنگلہ دیش کی جماعت ان خوش قسمت جماعتوں میں سے ہے جس نے حضرت مسیح موعود اور آپ کی جماعت کے لئے تائیدات کے نظارے خود دیکھے ہیں۔ آپ میں سے ہر ایک گواہ ہے کہ دشمن کے جو منصوبے تھے وہ دھرے کے دھرے رہ گئے۔ اس سیاہ آندھی میں سے اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت کی بدلیاں بھیجیں جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی رحمت کا پانی برسایا اور فضا صاف ہوگئی۔

ہر مخالفت کے بعد جماعت ایک نئی شان سے ابھر کر سامنے آتی ہے۔ یہ صرف بنگلہ دیش کی بات نہیں، دنیا کے ہر خطہ اور ہر ملک میں اللہ تعالیٰ اپنے فضلوں کی بارش اسی طرح برساتا رہا ہے اور برسا رہا ہے۔

ہم محبتوں کے پیغامبر ہیں۔ پس اس پیغام کو اپنے ملک کے کونے کونے میں پھیلا دیں۔ دعوت الی اللہ کے کام میں حکمت کے ساتھ ایک نئی روح پھونک دیں۔

15 رفروری 2009ء کو جماعت احمدیہ بنگلہ دیش کے جلسہ سالانہ کے اختتامی اجلاس سے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ایم ٹی اے کے مواصلاتی رابطوں کے ذریعہ محمود ہال لندن سے براہ راست ولولہ انگیز خطاب

اللہ تعالیٰ کا یہ بڑا فضل اور احسان ہے کہ اس نے اس زمانے کی ایجادات سے فائدہ اٹھانے کی حضرت مسیح موعود کی جماعت کو بھی توفیق عطا فرمائی بلکہ آج کل کی یہ ایجادات جو دنیا کے فائدہ کے لئے ہیں اس زمانے میں کی ہی اس لئے گئی ہیں یا اس لئے سامنے آئی ہیں کہ حضرت مسیح موعود اور آپ کی جماعت اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکے۔ آج اگر دنیا کی دولتوں کو دیکھیں تو ایک ایک آدمی کے پاس لاکھوں کروڑوں بلکہ اربوں ڈالر کی مالیت کی دولت ہے۔ اور جماعت احمدیہ کا پوری دنیا کا مالی بجٹ ان لوگوں کے قریب بھی نہیں پہنچتا۔ لیکن اس کے باوجود اللہ تعالیٰ کے جو فضل ہیں اور جو استعمال اس تھوڑے سے پیسے سے خداتعالیٰ کرواتا ہے اور جو نتائج برآمد ہوتے ہیں، جو فیض یہ تھوڑا سا پیسہ دنیا کو روحانی اور مادی لحاظ سے پہنچا رہا ہے اس کے قریب بھی یہ دنیا دار نہیں پہنچ سکتے۔ ان کی دولت ان کے پاس آتی ہے اور دنیاوی لہو ولعب میں ضائع ہو جاتی ہے یا دنیا میں جنگوں اور فسادوں کی نظر ہو جاتی ہے۔ اور انفرادی دولتمندوں کی بات تو ایک طرف، حکومتیں بھی اپنے وسائل اور دولت سے اس طرح استفادہ نہیں کرسکتیں جس طرح محض اور محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے آج جماعت احمدیہ اپنے کم سے کم وسائل سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کر رہی ہے۔ آج یہ ایم ٹی اے چینل جس کے چلانے کی خداتعالیٰ نے جماعت احمدیہ کو توفیق دی چوبیس گھنٹے مختلف سیٹلائٹس کے ذریعہ سے مختلف زبانوں کے ساتھ تمام براعظموں کو اپنے احاطہ میں لئے ہوئے ہے۔ اور جس قدر کم اخراجات سے چل رہا ہے اور بغیر کسی لہو ولعب کے چل رہا ہے اس کے متعلق تو دنیا دار کبھی سوچ بھی نہیں سکتے۔ پس کل ہم جس حسرت اور خواہش کے ساتھ اس زمانے کی ایجاد کو استعمال ہوتے دیکھتے تھے جس میں زیادہ تر استعمال غلط ہی تھا اور آج ہم جب دنیا کو بتائیں کہ بغیر کسی اشتہار کے اور بغیر کسی پیشہ ور ماہرین کی مدد کے ہم چوبیس گھنٹے یہ چینل چلا رہے ہیں تو وہ حیرت اور حسرت سے ہمیں دیکھتے ہیں۔ پس یہ خداتعالیٰ کے احسانوں میں سے بہت بڑا احسان ہے جو آج ہم اس زمانے کی ایجادات سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ اور آج مَیں اسی واسطے سے آپ بنگالیوں سے بنگلہ دیش کے جلسہ سالانہ کے اختتامی اجلاس سے مخاطب ہوں۔ آج دنیا میں امیر ترین ملکوں میں بھی اس طرح باقاعدہ لائیو خطاب کا انتظام نہیں جس میں ایک ملک سے بیٹھ کر دوسرے ملک کے مجمع کو مخاطب کیا جا رہا ہو۔ اور ایک دوسرے کے جلسوں کے نظارے دیکھے جا رہے ہوں۔ بیشک Live پروگرام ہوتے ہیں لیکن انہی ملکوں میں اور یا زیادہ سے زیادہ چند دلچسپی رکھنے والے ان پروگراموں کو دیکھ کر ان میں شامل ہو رہے ہوتے ہیں لیکن ایک مجمع ایک خاص مقصد کے لئے جمع ہو جہاں صرف دینی باتیں کی جا رہی ہوں، یہ کہیں نہیں ہوتا۔ پس سب سے پہلے تو ہم اس بات پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اس نے باوجود دوریوں کے آپس میں ایک دوسرے کو چاہنے والوں اور محبت کرنے والوں کے فاصلے کم کر دیئے ہیں۔ ہم آمنے سامنے بیٹھ کر کچھ حد تک اپنی پیاس بجھا رہے ہیں۔ بنگلہ دیش کے امیر صاحب کی خواہش تھی کہ اس طرح لائیو پروگرام ہو جائے تو ہمارے لئے بہت فائدہ مند ہو گا۔ کیونکہ ایک خاصی بڑی تعداد تقریباً چار سے پانچ ہزار جس نے قادیان کے جلسے پر جانا تھا اچانک جلسہ ملتوی ہو جانے کی وجہ سے افسردہ تھی۔ جماعت احمدیہ کی سرشت میں گو مایوسی نہیں ہے البتہ افسردگی ضرور ہو جاتی ہے۔ لیکن یہ افسردگی دعاؤں کے روپ میں ڈھل جاتی ہے۔ اور پھر اللہ تعالیٰ کی طرف سے دلوں کو تسلی ہوتی ہے۔ اور ہر روز ایک نیا عزم اور ایک نیا جوش افراد جماعت کے اندر پیدا کر دیتی ہے۔

اسی قسم کے مضمون کے خط پاکستان، ہندوستان سے میں وصول کر رہا ہوں۔ اور مجھے کامل یقین ہے کہ آپ سب جو قادیان جانے والے تھے انہوں نے اپنی دعاؤں میں بھی پہلے سے بڑھ کر تیزی پیدا کی ہوگی تا کہ صرف قادیان میں یا ہندوستان کے کسی شہر میں ملنے کی باتیں نہ ہوں بلکہ میں آپ سے آپ کے ملک میں ملوں۔ یہ بنگلہ دیش کے جلسہ سے میرا پہلا براہ راست مخاطب ہونا اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو سمیٹتے ہوئے ایسے راستوں کی خوشخبریاں دے جو راستے کی تمام روکوں سے صاف ہو اور آپ کے ملک میں آپ کے درمیان بیٹھ کر مَیں مخاطب ہوں۔ اللہ تعالیٰ وہ موقع

بھی لائے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ ضرور لائے گا جب خلافت احمدیہ دنیا کے تمام ملک، کیا مشرق اور کیا مغرب کیا شمال اور کیا جنوب میں عزت اور احترام سے دیکھی جائے گی اور اس کی پذیرائی ہوگی۔ لیکن ہمیں یہ دعا کرنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ یہ موقع ہماری زندگیوں میں پیدا فرمائے اور اس کے لئے ہمیں پہلے سے بڑھ کر پیدا کرنے والے خدا کی طرف جھکنے کی ضرورت ہے۔ اپنی زندگیوں میں ایک انقلابِ عظیم پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ اپنی سجدہ گاہوں کو اپنے آنسوؤں سے تر کرنے کی ضرورت ہے۔ اپنی دعاؤں میں ایسا ارتعاش پیدا کرنے کی ضرورت ہے جس سے عرش کے پائے بھی ہلنے لگیں۔ اپنی دعاؤں میں وہ سوز پیدا کرنے کی ضرورت ہے جو خدائے مجیب کو ہمارے قریب تر لے آئے۔ اور ہم فَاِنِّیْ قَرِیْب کا مژدہ جانفزا اور ہر احمدی ایک نئی شان کے ساتھ اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَادَعَانِ (اور جب دعا کرنے والا مجھے پکارے تو میں اس کی دعا کو سنتا ہوں) کے نظارے دیکھے۔ پس اس کے لئے ہمیں کوشش کرنی ہو گی۔ اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے ہمیں قدم بڑھانے ہوں گے۔ اور پھر آپ دیکھیں گے کہ وہ خدا، وہ رحیم رحمان خدا، وہ خدا جس کی رحمت ہر چیز پر حاوی ہے، وہ خدا جو اپنے بندوں پر بے انتہا مہربان ہے کس طرح دوڑتا ہوا ہماری طرف بڑھے گا۔ وہ جو مالک ارض وسما ہے کس طرح اپنے پیاروں کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف ان کی مدد کے لئے آگے آئے گا۔

پس سب سے پہلے ہمارا یہ فرض بنتا ہے اور یہ بات میں خاص طور پر کہنی چاہتا ہوں کہ اپنے اس قادر وتوانا خدا سے ایسا دل لگائیں جس کے مقابلے میں سب رشتے ہیچ ہوں۔ دنیا کی سب دولتیں خدا تعالیٰ کے مقابلے میں کوڑی سے زیادہ وقعت نہ رکھتی ہوں۔ اگر ہم یہ تعلق اپنے پیدا کرنے والے خدا سے قائم کرلیں گے تو حقیقت میں یہی ہماری کامیابی کا دن ہو گا۔ پس ہر بچہ، جوان، بوڑھا، عورت، مرد یہ پلّے باندھ لے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول اور اس کے آگے جھکنا اور تڑپنا ہی ہماری زندگی کا مقصود ہے۔ اور یہ مقصود خود خدا تعالیٰ نے ہمارے لئے مقرر فرمایا ہے۔ جیسا کہ وہ فرماتا ہے ...... (الذاریات: 57) یعنی مَیں نے جنوں اور انسانوں کو اس لئے پیدا کیا ہے کہ وہ مجھے پہچانیں اور میری عبادت کریں۔ پس یہ اصل ہے جس کو آج ہر احمدی کو پکڑنے کی ضرورت ہے۔ اور یہی وہ اصل اور مقصد ہے جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ میں حضرت مسیح موعود کو بھیجا ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ:

''مَیں اس لئے بھیجا گیا ہوں تا ایمانوں کو قوی کروں۔ اور خدا تعالیٰ کا وجود لوگوں پر ثابت کر کے دکھلاؤں۔ کیونکہ ہر ایک قوم کی ایمانی حالتیں کمزور ہو گئی ہیں۔ اور عالم آخرت صرف ایک افسانہ سمجھا جاتا ہے۔ اور ہر ایک انسان اپنی عملی حالت سے بتا رہا ہے کہ وہ جیسا کہ یقین دنیا اور دنیا کی جاہ ومراتب پر رکھتا ہے اور جیسا کہ اس کو بھروسہ دنیاوی اسباب پر ہے یہ یقین اور بھروسہ ہرگز اس کو خدا تعالیٰ اور آخرت پر نہیں ہے''۔

(کتاب البریہ۔ روحانی خزائن جلد 13 صفحہ 291-292 حاشیہ۔ مطبوعہ لندن)

پس یہ وہ مقصد ہے جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو بھیجا۔ اور ہمیں حضرت مسیح موعود کی بیعت میں شامل کرکے ان خوش قسمتوں کی صف میں شامل فرمایا جو اس مقصد کے حصول کے لئے کوشش کا اعلان کرنے والے ہیں۔ اور اپنی زندگیاں اس مقصد کے حصول کے مطابق ڈھالنے والے ہیں۔ اور اس بات پر ہم نے عہد بیعت باندھا ہے۔ پس خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طرف توجہ دینا ہماری ایک بہت بڑی ذمہ داری ہے۔ مجھے امید ہے کہ جلسے کے ان دنوں میں جس طرح آپ نے اپنی عبادتوں اور دعاؤں پر توجہ دی ہے اس کو ہمیشہ اپنی زندگی کا حصہ بنالیں گے۔ صرف مشکل میں گرفتار ہونے کے بعد ہی خدا تعالیٰ کی یاد نہیں آئے گی۔ بلکہ عبادتیں اور دعائیں ہر احمدی کا اوڑھنا بچھونا ہو جائیں گی۔ اور جب ہم حقیقت میں ہر حالت میں امن کی حالت میں بھی اور تنگی اور فساد کی حالت میں بھی خالص ہو کر خدا تعالیٰ کو پکارنے والے ہوں گے تو خدا تعالیٰ ہماری ہر مشکل کو خس وخاشاک کی طرح اڑا دے گا۔ اور یہ کوئی ایسی باتیں نہیں جو وقتی جوش پیدا کرنے کے لئے مَیں کہہ رہا ہوں بلکہ بنگلہ دیش کی جماعت ان خوش قسمت جماعتوں میں سے ہے جس نے حضرت مسیح موعود اور آپ کی جماعت کیلئے تائیدات کے نظارے خود دیکھے ہیں۔ بہت دور کی بات نہیں بلکہ ماضی قریب میں ان تائیدات کے نظارے دیکھے ہیں۔ اس وقت آپ میں سے بہت سے ایسے ہوں گے جو اس وقت میری یہ باتیں سن رہے ہیں۔ جنہوں نے اپنی آنکھوں سے دشمن کے خوفناک منصوبوں اور حملوں کو اپنے اوپر ایک سیاہ اور خوفناک آندھی کی صورت میں چھاتے ہوئے دیکھا ہے۔ لیکن کیا دشمن کامیاب ہوگیا؟ آپ میں سے ہر ایک گواہ ہے کہ دشمن کے جو منصوبے تھے وہ دھرے کے دھرے رہ گئے۔ اس سیاہ آندھی میں سے اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت کی بدلیاں بھیجیں جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی رحمت کا پانی برسایا اور فضا صاف ہوگئی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی انتہائی خوف کی حالت کو امن میں بدلا۔ اللہ تعالیٰ نے غیر از جماعت میں سے ہی بہت سے شریف الطبع اور سعید فطرت لوگوں کو جماعت کی حمایت کے لئے کھڑا کیا۔ جنہوں نے دنیاوی لالچوں کو ردّ کرتے ہوئے اور سخت ترین مخالفتوں کا سامنا کرتے ہوئے حق کا ساتھ دیا۔ پس یہ کوئی انسانی کوشش نہیں تھی۔ یہ اُس قادر وتوانا خدا کا ہاتھ تھا جس نے شریف فطرت لوگوں کے دلوں کو شرافت کے لئے ابھارا اور انہیں حق بات کہنے اور لکھنے کی توفیق عطا فرمائی۔ ورنہ ہم بندوں کی کیا حیثیت ہے جن کے پاس جیسا کہ میں نے پہلے کہا نہ کوئی مال ودولت ہے، نہ کوئی دنیاوی جاہ وحشمت ہے۔ ہاں ہمارے پاس ایک دولت ہے اور وہ دولت ہمیں ...... کے عاشق صادق مسیح موعود نے اپنے آقا ومطاع حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی میں اور ان سے لے کر ہمیں دی ہے۔ اور وہ ہے اللہ تعالیٰ کو وحدہ لاشریک سمجھتے ہوئے اس کے سامنے حقیقی رنگ میں جھکنا۔ اس خدا کے آگے جھکنا جس نے کائنات کی ہر چیز پیدا کی ہے۔ اس خدا کے آگے جھکنا جس کے قبضۂ قدرت میں ہر چیز ہے۔ اس خدا کے آگے جھکنا جو دلوں کو پھیرنے والا ہے۔ پس اگر ہم شکر کرتے کرتے اپنی زندگیاں بھی ختم کردیں تب بھی ہم اس خدا کا حقیقی رنگ میں شکر ادا نہیں کر سکتے۔ بیشک ان امتحانوں اور ابتلاؤں میں انفرادی طور پر افراد کا نقصان تو ہوتا ہے اور ہوا ہے لیکن دشمن کا جو منصوبہ ہوتا ہے کہ جماعت کو ختم کر دے اس میں وہ کبھی کامیاب نہیں ہوتا اور نہ ہوسکتا ہے۔ اور ہر مخالفت کے بعد جماعت ایک نئی شان سے ابھر کر سامنے آتی ہے۔ یہ صرف بنگلہ دیش کی بات نہیں دنیا کے ہر خطہ اور ہر ملک میں اللہ تعالیٰ اپنے فضلوں کی بارش اسی طرح برساتا رہا ہے اور برسا رہا ہے۔ اور یہ آج کی بات نہیں بلکہ حضرت مسیح موعود کے زمانے سے یہ سلسلہ چل رہا ہے۔

بلکہ اس سے بھی پہلے ہمارے آقا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے سے یہ سلسلہ چل رہا ہے۔ اُس وقت بھی مخالفت کی آگ میں بھڑکنے والے کئی کئی طرح سے جذبات ابھار کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کے لئے لوگوں کو بھیجتے تھے۔ جو زہر میں بجھی ہوئی تلواریں آپ پر وار کرنے کے لئے لے کر آتے تھے۔ اور جب وہ دشمن آپ کے پاس پہنچتے تھے اور آپ ان کے ارادوں کو بھانپ لیتے تھے یا خدا تعالیٰ ان کے ارادوں کی آپ کو خبر دے دیتا تھا اور جب آپ ان کو یہ بتاتے تھے کہ تم اس ارادہ سے آئے ہو تو وہ فوراً کلمہ حق پڑھ لیتے تھے، کلمہ شہادت پڑھ لیتے تھے۔ ان کو احساس ہو جاتا تھا کہ ہم غلط ہیں اور مخالفت کی آگ میں اپنے سرداروں کے کہنے پر ہم خود جل رہے ہیں۔ یقیناً محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا خدا سچا ہے اور سب قدرتوں کا مالک ہے۔

حضرت مسیح موعود کے زمانے میں کئی لوگ ......کی تقریریں سن کر آتے تھے اور حق کو پہچان کر اسے قبول کر لیتے تھے۔ اور حضرت مسیح موعود کی خدمت میں یہ عرض کرتے تھے کہ میری بیعت کا باعث کسی احمدی کی (......) نہیں، نہ ہی کسی قسم کا لٹریچر ہے بلکہ فلاں مولوی کی مخالفت ہے۔ آپ کے اپنے ملک بنگلہ دیش میں کئی ایسی مثالیں ہیں جنہوں نے مخالفین کا لٹریچر پڑھ کر جستجو کی اور حضرت مسیح موعود کے دعویٰ کو سچ سمجھ کر قبول کیا۔ مثلاً ابتدائی احمدیوں میں سے حضرت مولوی سید عبدالواحد صاحب آف براہمن بڑیہ ہیں۔ جو بڑے جید عالم تھے۔ انہوں نے مخالفین کی شورش پر لٹریچر منگوایا اور اسے پڑھا اور حضرت مسیح موعود کے ریویو آف ریلیجز کے ایک مضمون کو پڑھ کر ان پر روشنی آشکارا ہوئی۔ گو کہ ان کا دل حضرت مسیح موعود کے تمام دعاوی پر مطمئن تھا لیکن چونکہ خود قادیان جا کر بیعت کرنا چاہتے تھے اس لئے حضرت خلیفہ اوّل کے زمانے میں قادیان جا کر بیعت کی اور پھر بہت سوں کی ہدایت کا باعث بنے۔ نیک فطرت مولوی تھے۔ حق کی تلاش تھی۔ آج کل کے (......) کی طرح نہیں تھے جو صرف مخالفت برائے مخالفت کرنا جانتے ہیں۔ جب حضرت سید عبدالواحد صاحب نے بیعت کی اور واپس گئے تو آپ کی بھی بہت مخالفت ہوئی۔ لیکن پھر بھی جیسا کہ مَیں نے بتایا وہ اپنے اس عہد بیعت پر قائم رہے اور نہ صرف قائم رہے بلکہ بہت سوں کی ہدایت کا باعث بنے اور وہاں علاقہ میں ان کو (......) کرتے رہے۔ انہوں نے ہزاروں کی تعداد میں بیعتیں کروائیں۔ ان بیعت کرنے والوں کی بھی بہت مخالفت ہوئی۔ لیکن اس مخالفت کے باوجود انہوں نے چونکہ حق کو پہچان لیا تھا اس لئے بڑی جرأت سے اس پر قائم رہے اور اس حق کا اظہار بھی کرتے رہے۔ ہوسکتا ہے کہ اس وقت آپ جو میرے مخاطب ہیں ان میں سے بھی بعض ان بیعت کرنے والوں کی اولادوں میں سے ہوں پس اپنے بزرگوں کی بیعت کے قصے اپنے گھروں میں جاری رکھیں تا کہ آئندہ نسلوں کے ایمانوں میں بھی مضبوطی پیدا ہوتی رہے۔ اگلی نسلیں بھی ایمان میں بڑھیں اور مخالفتوں سے پریشان نہ ہوں بلکہ مخالفت کو اپنے لئے کھاد سمجھیں۔ جس طرح کھاد ڈالنے سے فصل بہتر ہوتی ہے اسی طرح مخالفت سے احمدیت بڑھتی اور پنپتی ہے۔ اور آج بھی آپ میں سے بہت سوں کی طرح دنیا کی کئی جگہ پر احمدی گواہ ہیں کہ مخالفتیں جماعت کو ختم نہیں کرتیں بلکہ احمدیت کے لہلہاتے کھیت ایک نیا رنگ اور ایک نئی شان دکھاتے ہیں اور لہلہاتی فصلیں نظر آتی ہیں۔ آج بھی ہم گواہی دیتے ہیں کہ محمد رسول اللہ ﷺ کا خدا زندہ خدا ہے اور سب قدرتوں کا مالک خدا ہے اور سعید فطرتوں پر حق کھولتا ہے۔ آج ہم میں سے ہر ایک گواہی دیتا ہے کہ (......) کا خدا ہی مسیح موعود کا خدا ہے جس نے اپنی تمام تر تائیدات اور وعدوں کے ساتھ آپ کو بھیجا ہے اور بڑے واشگاف الفاظ میں آپ

سے یہ اعلان کروایا ہے کہ ”آسمانی تائیدیں ہمارے ساتھ ہیں“۔(تذکرہ۔الہام 29رجولائی 1904ء)اور پھر اللہ تعالیٰ نے آپ کو فرمایا کہ ”میں تیرے ساتھ اور تیرے تمام پیاروں کے ساتھ ہوں“۔

(تذکرہ۔الہام دسمبر 1907ء)

پس حضرت مسیح موعود کی بیعت میں آ کر آپ نے جو آپ سے پیار کا تعلق جوڑا ہے اس میں بڑھتے چلے جائیں۔خدا کی رضا کے حصول کے لئے ہمیشہ کوشش کرتے رہیں تا کہ خداتعالیٰ ہمیشہ ہمیں حضرت مسیح موعود کے پیاروں میں شمار کرتے ہوئے ہمارے ساتھ رہے۔

آپ نے گزشتہ چند سالوں میں اپنے خلاف مخالفین کی انتہا دیکھی ہے۔اپنے پیاروں کی جانیں خداتعالیٰ کی راہ میں قربان ہوتے دیکھی ہیں۔اپنے مالوں کے نقصان برداشت کئے ہیں۔لیکن آپ نے اپنے ایمان پر آنچ نہیں آنے دی اور اپنے ایمان کی مضبوطی کا ایک ایسا معیار قائم کیا جو آئندہ آنے والی نسلوں کے لئے مشعل راہ ہے اور ان کے لئے ایمان میں زیادتی کا باعث بنے گا۔آپ سب گواہ ہیں کہ گزشتہ چند سالوں میں جماعت کو ختم کرنے کی جو کوششیں ہوئیں کیا اس نے احمدیت کی جڑیں ہلا دیں؟نہیں۔بلکہ ان میں مزید مضبوطی پیدا ہوئی۔میری روزانہ کی ڈاک میں بنگلہ دیش کے مخلصین کے بھی خطوط ہوتے ہیں۔ان میں اپنے ایمان اور ایقان میں زیادتی کے بیان اور دعا کی درخواست ہوتی ہے۔اس کے مقابل پر دیکھیں مخالفین جو اپنی دنیاوی طاقت کے زعم میں احمدیت کو ختم کرنے پر تلے ہوئے تھے، اللہ تعالیٰ نے انہیں رسوا کیا اور کس طرح رسوا کیا۔اگر دیکھنے کی آنکھ ہو تو یہ لوگ دیکھیں اور سمجھیں۔ہمیں کسی کی رسوائی سے کوئی تعلق نہیں، کوئی غرض نہیں۔ ہم تو مخالفین کی اصلاح کے لئے بھی دعا کرتے ہیں۔ہم تو اس مسیح (۔) کے ماننے والے ہیں جس نے محبتوں کو پھیلانے اور نفرتوں کو دور کرنے کی ہمیں تعلیم دی ہے۔ہمیں تو یہ سکھایا گیا ہے کہ اگر تم اپنے دشمنوں کے لئے بھی کینہ رکھو اور اس کے لئے دعا نہ کرو تو تمہاری دعا قبول نہیں ہوگی۔پس ہم تو محبتوں کے پیغامبر ہیں۔پس اس پیغام کو اپنے ملک کے کونے کونے میں پھیلا دیں۔اپنے ہم وطنوں کو بتائیں کہ (......) تو نام ہی محبت اور پیار کا ہے جس میں اپنے پیدا کرنے والے خدا اور اس کی مخلوق سے محبت کرنا سکھایا جاتا ہے۔(......) کو بھی اور (......) کو بھی اسلام کا یہ حسن دکھائیں۔ان کو بتائیں کہ مسیح (......) نے نہ تلواریں چلانی ہیں اور نہ قتل کرنا ہے۔ہاں پیار اور محبت کے تیروں سے دلوں کو گھائل کرنا ہے۔جس سے خون نہیں بہتے، زندگیاں ختم نہیں ہوتیں بلکہ نئی زندگیاں ملتی ہیں۔اپنے پیدا کرنے والے خدا کی پہچان ہوتی ہے۔حضرت محمد رسول اللہ ﷺ سے عشق و محبت کا تعلق پیدا ہوتا ہے۔انسان اپنے مقصد پیدائش کو پہچانتا ہے۔حقوق العباد کی ادائیگی کی طرف توجہ پیدا ہوتی ہے۔آج دکھی انسانیت کو اس تعلیم کی ضرورت ہے اور یہ تعلیم دینا اور اس پیغام کو ہر جگہ پہنچانا ہر احمدی کا کام ہے۔لیکن یاد رکھیں کہ انسانیت کے دشمن اور مذہب کے نام پر خون کرنے والے آپ کی راہ میں روکیں ڈالیں گے۔مخالفتیں ہوں گی۔دوبارہ موقع ملے گا تو (......) کے یہ (......) احمدیوں کو اپنے ظلم کا نشانہ بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔لیکن آپ نے ثبات قدمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے رَبَّنَا اَفْرِغْ ...... (البقرة 251) کی دعاؤں کے سائے تلے چلتے ہوئے اپنے سپرد کئے ہوئے کام کو کرتے چلے جانا ہے۔اور اپنے ایمان میں مضبوطی پیدا کرتے چلے جانا ہے۔صبر، حوصلے اور دعاؤں سے کام لیتے ہوئے آگے بڑھتے چلے جانا ہے۔جلسے کے دنوں میں آپ کی روحانیت میں جو ترقی ہوئی ہے، کسی نہ کسی بات نے آپ کے دل پر جو اثر کیا ہے اس کو اپنی زندگی کا حصہ بنا لیں۔نئے احمدی بھی اور پرانے احمدی بھی اپنے اندر ایک پاک تبدیلی پیدا کرتے ہوئے یہاں سے اُٹھیں۔

احمدی بنگالیوں میں اخلاص و وفا کے نمونے مَیں اکثر بنگالی ملنے والوں میں دیکھتا رہتا ہوں جن میں سے کچھ میرے سامنے اس ہال میں بیٹھے ہوئے ہیں۔اور اس وقت جو بنگلہ دیش میں ہزاروں کی تعداد میں بیٹھے جلسہ سن رہے ہیں اور جنہیں کیمرے کی آنکھ ہمیں دکھا رہی ہے ان کے دل اور چہروں پر بھی مَیں اخلاص و وفا دیکھ رہا ہوں اور ان کے چہرے اخلاص و وفا سے چمکتے ہوئے مجھے نظر آ رہے ہیں۔پس کبھی اس اخلاص و وفا کو کم نہ ہونے دیں۔خلافت سے اخلاص و وفا کے جو اظہار آپ کی طرف سے ہوتے ہیں انہیں کبھی ماند نہ پڑنے دیں۔حضرت مسیح موعود سے کئے گئے اپنے عہد بیعت کو کبھی ہم کمزور نہ ہونے دیں۔اپنی طاقتوں اور توانائیوں کو کبھی غلط کاموں میں صرف نہ ہونے دیں۔ہمیشہ اپنے پیدا کرنے والے خدا سے سچا اور وفا کا تعلق رکھیں۔آپس میں پیار اور بھائی چارے کی اعلیٰ مثالیں قائم کر دیں۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حقیقی پیغام کو اپنے ملک کے کونے کونے میں پھیلا دیں۔آپ کی حقیقی پیروی کا حق ادا کرنے والے بنیں۔دعوت الی اللہ کے کام میں حکمت کے ساتھ ایک نئی روح پھونک دیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔آپ میں پاک تبدیلیاں پیدا فرمائے۔آپ کے اخلاص و وفا کو بڑھاتا چلا جائے۔اور میرے دل میں آپ کے پیار کو بڑھاتا چلا جائے۔آپ سب حضرت مسیح موعود کی جماعت کے لئے کی گئی تمام دعاؤں کے وارث بنیں۔اللہ تعالیٰ آپ سب کو اپنی حفظ و امان میں رکھے۔دشمن کے ہر شر سے محفوظ رکھے۔اور دشمن کی طرف سے چلنے والا ہر تیر اُسی پر الٹا دے۔آپ سب اللہ تعالیٰ کے پیار کو، اس کے فضل کو، اس کی رحمت کو ہمیشہ سمیٹتے چلے جانے والے ہوں۔آمین۔اب دعا کر لیں۔

(الفضل انٹرنیشنل 11رفروری 2011ء)

مکرم رانا عبدالرزاق خان صاحب لندن

مکرم رانا حبیب الرحمٰن خاں صاحب کاٹھگڑھی

سابق صدر جماعت احمدیہ جنگل امام شاہ نزد پیر محل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ محترم رانا حبیب الرحمٰن خاں صاحب 1915ء کو چوہدری عبدالرحمٰن خاں (بیعت 1903ء) کے گھر کاٹھ گڑھ ضلع ہوشیار پور انڈیا میں پیدا ہوئے۔ابتدائی تعلیم احمدیہ مڈل سکول کاٹھ گڑھ ہی سے حاصل کی۔آپ پیدائشی احمدی تھے۔غالباً 1935ء میں آپ کو آبادکاری سکیم کے تحت ایک مربع 25۔ایکڑ زرعی زمین جنگل امام شاہ پیر محل لائلپور میں الاٹ ہوئی۔جو کہ آپ کے چچا محترم چوہدری عبدالرحیم خاں رئیس آف کاٹھ گڑھ کی کوشش سے آپ کو ملی تھی۔تقسیم ہند کے بعد آپ نے آبائی زمین کا کلیم 68ج ب فیصل آباد میں الاٹ کروالیا تھا۔

کچھ عرصہ یہاں قیام کے بعد تو آپ نے اپنا ڈیرہ اپنی زرعی زمین جنگل امام شاہ میں بنالیا۔ اور پھر سب احمدیوں سے مل کر جماعت کی بنیاد رکھی۔ جس کے آپ صدر تھے۔اور کچھ عرصہ آپ اپنے حلقے کے امیر بھی رہے جب حضرت شیخ محمد احمد مظہر امیر فیصل آباد تھے۔رانا حبیب الرحمٰن خاں صاحب بہت ہی خلیق اور دعوت الی اللہ کرنے والے انسان تھے۔آپ نے اس علاقے میں ہر دور میں سنگین مخالفت کا حکمت اور جوانمردی سے مقابلہ کیا۔اور جماعت کی ترقی اور آبیاری کا اہم ذریعہ بنے رہے۔سب افراد جماعت کی ہمیشہ حوصلہ افزائی کرتے رہے۔اور خلافت کی اطاعت میں مگن اس شمع دین کو ہمیشہ روشن رکھا۔1974ء میں آپ کے بیٹے عرفان شہزاد کو مخالفین پکڑ کر لے گئے۔مارا پیٹا اور رسیوں میں جکڑ دیا۔احمدیت کے انکار پر مجبور کرنے کی ناکام کوشش کی۔

جوانی ہی میں داڑھی رکھی۔اور ساری عمر اس کو نبھایا۔حقوق العباد ادا کرنے میں بہت مستعد واقع ہوئے تھے۔آپ نے اپنی اولاد کی بہت اچھی تربیت کی تھی۔نہی عن المنکر اور امر بالمعروف کا ہمیشہ درس دیتے تھے۔روزنامہ الفضل لگوایا ہوا تھا۔اس کا ڈاک سے روزانہ ہی شدت سے انتظار کیا کرتے تھے۔بعض اہم مضامین جوان کو اچھے لگتے تھے۔ہمیں خود پڑھ کر سنایا کرتے تھے آپ کے پانچ بیٹے اور پانچ بیٹیاں ہیں۔جو سب اللہ تعالیٰ کے فضل سے خلافت سے وابستہ ہیں۔

آپ کے ایک بیٹے رانا عرفان شہزاد صاحب مجلس انصاراللہ بیت الفضل لندن کے زعیم ہیں۔ ان کی مجلس کو بہترین کارکردگی پر سال 2010ء میں علم انعامی ملا ہے ایم اے عربی ہیں پہلے چند سال افریقہ (کینیا) میں نصرت جہاں سکیم کے تحت بطور عربی ٹیچر گزار آئے ہیں۔ رانا حبیب الرحمٰن خاں صاحب کے دو بڑے بیٹے رانا عزیز الرحمٰن خاں اور رانا شفیق الرحمٰن خاں جرمنی میں مقیم ہیں۔ایک بیٹے رانا فیض اللہ خاں صاحب پیر محل ہی میں رہائش رکھتے ہیں۔آپ کے ایک جوان بیٹے احسان اللہ خاں کی وفات ہوئی تو معاندین نے منظور شدہ قبرستان میں اس کی تدفین نہ ہونے دی۔ اور حکومت بھی بے بس نظر آئی۔ ناچار میت کو ربوہ لانا پڑا۔ان کے بیٹے رانا عرفان خاں صاحب بیان کرتے ہیں کہ ابا جان مرحوم اس علاقے میں سب لوگوں سے میل جول رکھتے تھے۔مہمان نواز بہت تھے۔مرکز سے کوئی بھی مہمان آتا تو بہت خوش ہوتے۔اور بڑی محبت سے ہر قسم کے مہمان کی خدمت کرتے۔ جماعتی کاموں میں بڑھ چڑھ کر تعاون کرتے ۔ہم سب بچوں کی اچھی تربیت کی۔ہمیشہ نماز کا بہت خیال کرتے۔ہم سب بہن بھائیوں کو باجماعت نماز پڑھایا کرتے تھے۔آپ نے 27۔اپریل 1993ء میں وفات پائی۔آپ کی تدفین بہشتی مقبرہ ربوہ قطعہ نمبر 18 میں ہوئی۔آپ کا وصیت نمبر 13650 ہے۔خدا تعالیٰ سے دعا ہے کہ مرحوم کے درجات بلند کرے اور ان کی طرح ہم سب کو اور ان کی نسلوں کو ہمیشہ خلافت سے وابستہ رکھے۔آمین۔

انگریزی سے ترجمہ: مکرم پروفیسر راجا نصر اللہ خان صاحب

وطن اور مذہب سے محبت رکھنے والا اور عالی مرتبت۔ سلام

پاکستان کے واحد نوبیل انعام یافتہ سپوت ڈاکٹر عبدالسلام کے متعلق مضمون نگار عدنان رحمت کا ایک مضمون بعنوان "Noble Salam" ''دی نیوز'' یکم فروری 2009ء میں شائع ہوا ہے۔ یہ مضمون پڑھنے کے لائق ہے لہٰذا اس اہم مضمون کا قدرے تلخیص کے ساتھ ترجمہ نذر قارئین کیا جاتا ہے۔

شہرت کی تین بڑی وجوہات

ڈاکٹر عبدالسلام زیادہ تر تین باتوں کی وجہ سے شہرت رکھتے ہیں:۔

(1) ان کی قومیت (2) ان کا مذہب

(3) اور یہ کہ انہوں نے شان و شوکت کا حامل نوبیل انعام جیتا۔ لیکن جو بات عام طور پر ان کے متعلق معلوم نہیں وہ یہ ہے کہ انہوں نے ایسے ملک کی قومیت سے دستبردار ہونے سے انکار کر دیا جو انہیں اپنانے کو ہی تیار نہیں تھا (یعنی ملک پاکستان) اور انہوں نے اٹلی کی حکومت کی درخواست کے باوجود اٹلی کا شہری بننے سے انکار کر دیا۔ نیز یہ کہ انہوں نے اس ملک (پاکستان) سے باہر دفن ہونے سے انکار کر دیا جس نے ان کو جنم دیا تھا۔ ایسا شخص جس کو غیر مسلم سمجھا جاتا ہے اس کے لئے قرآن کریم اور اللہ تعالیٰ پر ایمان ایسی چیزیں تھیں جنہوں نے اس میں سائنس کے میدان میں نشان راہ اجاگر کرنے والے Career کے لئے شوق ابھارا اور یہ بھی یاد رہے کہ نوبیل انعام تو سائنس کے کم از کم سولہ عالمی سطح کے پُر شوکت انعامات میں سے فقط ایک تھا جو سلام نے جیتے اور جن کی وجہ سے طول و عرض میں ان کو بے پناہ شہرت و تکریم ملی سوائے اپنے آبائی وطن کے۔

وطن اور مذہب سے محبت رکھنے والا سائنسدان

سلام کی ملک کے لئے زبردست کامرانیوں کی بھرپور پذیرائی اور قدردانی تو پاکستان میں ہونی چاہئے تھی جس کے ساتھ انہوں نے آخری سانس تک وفاداری نبھائی...... سلام سائنس کی وہ نادر شخصیت ہے جس کے متعلق سب سے اول عقیدے کی بنیاد پر رائے قائم کی جاتی ہے اور ستم ظریفی یہ ہے جبکہ ان کا سائنس اور مذہب دونوں پر ایمان تھا تو افسوس ہے کہ پاکستان میں ان پر کیچڑ اچھالنے والے لاتعداد ہم وطن بیرون وطن دنیا بھر میں ان کی بے حد تحسین کی جاتی ہے۔ ظاہری طور پر سائنس یا مذہب کی عالمگیر قدروں میں یقین رکھتے ہیں۔ حالانکہ یہ قدریں انسان کی نیک فطرت کو سراہنے پر زور دیتی ہیں۔

مسلم دنیا کا سائنس پر حق ہے

سائنس کے متعلق سلام کی سوچ بہت واضح تھی یہ کہ مسلم دنیا اللہ تعالیٰ کی تخلیق کردہ کائنات کی کھوج لگانے اور سمجھنے کے عمل میں برابر کا حق اور ذمہ داری رکھتی ہے وہ واضح طور پر کہتے تھے ''سائنسی سوچ بنی نوع انسان کی مشترکہ میراث ہے ان کا ذہن اس امر کے متعلق بھی بالکل واضح تھا کہ عام طور سائنسی لحاظ سے پیچھے رہ جانے والی اسلامی دنیا کو کس طرح بامقصد منصوبہ بندی کو پروان چڑھانا چاہئے۔ صرف ٹیکنالوجی کی منتقلی کی بات بعد میں۔ جب تک آپ سائنس میں بہت قابل نہیں بنیں گے آپ ٹیکنالوجی میں کبھی بھی قابل نہیں بن سکیں گے۔'' کیسی زبردست بات ہے؟

قرآن کریم ہمیں غور و فکر کرنے کا حکم دیتا ہے

سلام مذہب کو اپنے سائنسی کام کا لازمی جزو سمجھتے تھے۔ وہ لکھتے ہیں:۔

''قرآن کریم ہمیں اللہ تعالیٰ کے بنائے قوانین قدرت کی حقیقتوں پر غور و فکر کرنے کا حکم دیتا ہے بہرحال ہماری نسل کو اللہ تعالیٰ کی قدرت کا ایک نظارہ دیکھنے کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔ یہ ایسا فضل اور احسان ہے جس کے لئے میں اللہ تعالیٰ پر خشوع دل کے ساتھ شکر ادا کرتا ہوں۔''

سٹاک ہوم میں نوبیل پرائز وصول کرنے والی تقریب میں تقریر کرتے ہوئے سلام نے قرآن کریم سے مندرجہ ذیل آیات کا حوالہ دیا:۔

''تو رحمان کی تخلیق میں کوئی تضاد نہیں دیکھتا۔ پس نظر دوڑا۔ کیا تو کوئی رخنہ دیکھ سکتا ہے؟ نظر پھر دوسری مرتبہ دوڑا، تیری نظر ناکام لوٹ آئے گی اور وہ تھکی ہاری ہوگی۔''

(سورہ الملک آیت نمبر 4، 5)

انہوں نے مزید کہا ''دراصل یہ تمام ماہرین طبیعات کا عقیدہ ہے۔ جس قدر ہم گہرائی میں جا کر کھوج لگاتے ہیں اسی قدر ہماری حیرت اور تجسس میں امنگ پیدا ہوئی ہے ہماری نظر اور خیرہ ہونے لگتی ہے۔''

محنتی اور ہونہار طالب علم

ایسے سکولوں میں پڑھنا جہاں میزیں اور کرسیاں بھی مہیا نہیں تھیں یہ بات بڑی قابل ذکر اور غیر معمولی ہے کہ سلام لڑکپن میں بہت محنت سے پڑھائی کرتے رہے اور بطور نوجوان بہت تیزی سے نمایاں ہوئے وہ بطور طالب علم بلا کے ذہین تھے۔ ان کی سوانح عمری میں لکھا ہے۔ ''جب وہ چودہ سال کی عمر میں پنجاب یونیورسٹی (اس وقت پورے پنجاب میں متعدد بورڈ کے قیام سے بہت پہلے پنجاب یونیورسٹی ہی میٹرک کا امتحان لیتی تھی۔ مترجم) نے میٹرک کے امتحان میں اب تک کے ریکارڈ کے مطابق سب سے زیادہ نمبر حاصل کر کے اپنے شہر کی طرف لوٹے تو پورا شہر جھنگ (ان کا آبائی وطن) ان کو خوش آمدید کہنے کے لئے باہر نکل آیا............۔

ایٹم بم کا ڈیزائن تیار کرانے والا سائنسدان

یہ بات بہت کم لوگوں کو معلوم ہے کہ 1970ء کی دہائی شروع میں سب سے بڑا انعام نوبیل پرائز جیتنے سے بہت پہلے جس سے انہیں عالمی شہرت حاصل ہوئی، سلام نے پاکستان اٹامک انرجی کمیشن (PAEC) شروع کرنے میں بنیادی کردار کیا۔ 1972ء میں سلام نے بین الاقوامی مرکز برائے نظری طبیعات (ICTP جو انہوں نے خود اٹلی میں قائم کیا تھا) میں کام کرنے والے نظری طبیعات کے دو سائنسدانوں سے کہا کہ وہ پاکستان جا کر PAEC کے چیئرمین کو رپورٹ کریں اور تھوریٹیکل فزکس گروپ (TPG) قائم کریں۔ اسی گروپ نے آگے چل کر پاکستان کے جوہری ہتھیاروں کا ڈیزائن تیار کیا۔ اسی گروپ (T P G) نے ڈاکٹر رضی الدین صدیقی جو سلام کے شاگرد رہ چکے تھے کی زیر سربراہی پانچ سال کے عرصہ کے اندر جوہری بم کے تھیوریٹیکل ڈیزائن کا کام مکمل کر لیا۔ اس لئے کیسی ستم ظریفی کی بات ہے کہ 'اسلامی بم'' کے پیچھے اس آدمی کا ہاتھ ہے جسے غیر مسلم قرار دے دیا گیا۔

عظیم سائنسی ادارے

سلام ترقی میں دلچسپی رکھنے والے شخص تھے اور انہوں نے ریسرچ اور سائنس کی ترقی کے لئے بڑے بڑے اداروں کے قیام اور فروغ میں بہت مدد کی انہوں نے پاکستان کے سپیس اینڈ اپر ایٹما سفیئر ریسرچ کمیشن (سپارکو) قائم کرنے میں مدد دی وہ خود ہی اس کے بانی ڈائریکٹر تھے۔ پاکستان بھر میں پانچ اعلیٰ درجہ کے سائنسی کالج (Superior science College) قائم کرنے میں بھی ان کا ہاتھ تھا۔ لیکن ان کا سب سے زیادہ شہرت یافتہ اور وسیع پیمانے پر تسلیم شدہ کارنامہ یہ ہے انہوں نے اٹلی کے شہر ٹریسٹے میں شاندار بین الاقوامی مرکز برائے نظری طبیعات (ICTP) کی بنیاد رکھی اور 1964ء تا 1993ء اس کے ڈائریکٹر کے طور پر خدمت انجام دی۔ سلام نے تیسری دنیا کے لئے اکیڈمی آف سائنسز بھی قائم کی۔ 1959ء میں وہ 33 سال کی عمر میں رائل سوسائٹی کے سب سے کم عمر فیلو بن گئے۔ ان کی وفات کے بعد اٹلی کی حکومت نے ICTP کا نام بدل کر ''عبدالسلام انٹرنیشنل فار تھیوریٹیکل فزکس'' رکھ دیا۔

سلام 29 جنوری 1926ء کو پیدا ہوئے اور ایک لمبی بیماری کے حملے کے بعد 21 نومبر 1996ء کو 70 برس کی عمر میں آکسفورڈ (انگلینڈ) میں وفات پا گئے۔ ان کی وصیت کے مطابق ان کی میت تدفین کے لئے بذریعہ ہوائی جہاز پاکستان لائی گئی۔ انہیں ربوہ میں سپرد خاک کیا گیا۔ اگرچہ ان کے جنازے میں تیس ہزار لوگ شامل ہوئے لیکن ریاست جس سے وہ اس قدر محبت کرتے تھے اس کا کوئی نمائندہ شامل نہیں ہوا نہ ہی حکومت کا کوئی نمائندہ شامل ہوا اور نہ ہی سائنسی برداری کا، جس کی وہ اس قدر مدد کرتے رہے۔ سائنس کی اس عظیم شخصیت کو ریاست کی طرف سے کسی سرکاری پروٹوکول کے بغیر اپنے والدین کی آخری آرام گاہوں کے قریب دفن کیا گیا۔ ان کے لوح مزار پر شروع میں یہ الفاظ مرقوم تھے۔

''پہلا مسلمان نوبیل لارئیٹ''...... لیکن ایک مقامی مجسٹریٹ کے حکم پر لفظ 'مسلم' مٹا دیا گیا جس کے بعد عجیب و غریب مضحکہ خیز الفاظ باقی رہ گئے ہیں۔

''پہلا نوبیل لارئیٹ''

وہ ریاست جس کا سائنس میں یقین نہ ہو۔ آگے نہیں بڑھ سکتی۔ کسی ایک مسلمان ملک کا نام بتا دیں جو اپنی علمی مہارت یا تکنیکی برتری کی وجہ سے شہرت رکھتا ہو۔ پاکستان کی ریاست اپنی دھرتی کے نامور سپوت کو سائنس میں دنیا کے پہلے مسلم نوبیل انعام یافتہ کے طور پر اپنانے سے انکار کر سکتی ہے لیکن یہ بڑے افسوس کی بات ہے کہ ریاست اسے مسلم دنیا کا پہلا نوبیل انعام یافتہ کا اعزاز دینے سے بھی انکاری ہے۔

(آزاد ترجمہ:۔ مضمون ''نوبیل سلام'' مطبوعہ روزنامہ نیوز انگریزی مورخہ یکم فروری 2009ء ص 30)

زاہد تنگ نظر نے مجھے کافر جانا
اور کافر یہ سمجھتا ہے مسلمان ہوں میں

شطرنج

ہندوستان میں ایک قسم کی شطرنج کھیلی جاتی تھی۔ لیکن اس کھیل کو موجودہ حالت میں اہل فارس نے پہنچایا۔ پھر یہ کھیل یورپ میں گیا جہاں سے دسویں صدی میں مور مسلمانوں نے سپین میں پہنچایا Rook کا لفظ فارسی ''رخ'' کا متبادل ہے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 105554 میں ناہید عارف

زوجہ محمد عارف قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 48 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-07-01 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر بذمہ خاوند مبلغ-/50,000 روپے پاکستانی (2) طلائی زیور وزنی 246 گرام اندازاً مالیت -/5658 یورو۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ ناہید عارف گواہ شد نمبر1 محمد عارف گواہ شد نمبر2 بشارت نوراللہ

مسل نمبر 105555 میں نگہت کوثر

زوجہ چوہدری شاہد احمد باجوہ قوم باجوہ پیشہ خانہ داری عمر 57 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-06-12 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر بذمہ خاوند مبلغ -/5000 روپے (2) طلائی زیور وزنی 12 تولے اندازاً مالیت-/456,000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/100 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ نگہت کوثر گواہ شد نمبر1 منصور احمد گواہ شد نمبر2 شاہد محمود

مسل نمبر 105556 میں چوہدری شاہد احمد باجوہ

ولد چوہدری عبدالواحد باجوہ قوم باجوہ پیشہ ملازمت عمر 56 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-06-12 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/800 یورو ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ چوہدری شاہد احمد باجوہ گواہ شد نمبر1 منصور احمد گواہ شد نمبر2 شاہد محمود

مسل نمبر 105557 میں سعدیہ نصرت خان

بنت عبدالسلام خان قوم پٹھان پیشہ طالبعلم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 09-06-28 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/100 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ سعدیہ نصرت خان گواہ شد نمبر1 عبدالسلام خان ولد محمد حنیف خان گواہ شد نمبر2 فائز احمد خان

مسل نمبر 105558 میں سارہ بینش باجوہ

بنت ندیم احمد باجوہ قوم جٹ پیشہ طالبعلم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-08-17 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور وزنی ایک تولہ اندازاً مالیت-/270 یورو اس وقت مجھے مبلغ-/100 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔ سارہ بینش باجوہ گواہ شد نمبر1 ندیم احمد گواہ شد نمبر2 Naeem Ahmed

مسل نمبر 105559 میں Waqas A Bajwa

ولد Nadeem A Bajwa قوم باجوہ جٹ پیشہ طالبعلم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-08-24 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/400 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ 10-08-01 سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Waqas A Bajwa گواہ شد نمبر1 Nadeem A Bajwa گواہ شد نمبر2 Naeem A Bajwa

مسل نمبر 105560 میں حمزہ وسیم

ولد وسیم احمد باجوہ قوم جٹ باجوہ پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-08-12 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ 10-08-01 سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ حمزہ وسیم گواہ شد نمبر1 نعیم احمد باجوہ گواہ شد نمبر2 بشارت احمد باجوہ

مسل نمبر 1055561 میں نازیہ احمد

زوجہ اعظم وقاص احمد قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-07-01 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور وزنی 82 گرام اندازاً مالیت -/1890 یورو (2) حق مہر بذمہ خاوند مبلغ-/2000 یورو اس وقت مجھے مبلغ-/100 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ 10-07-01 سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔ نازیہ احمد گواہ شد نمبر1 بشیر احمد گواہ شد نمبر2 اعظم وقاص احمد

مسل نمبر 105562 میں سہیل طاہر

ولد فیض اللہ راٹھور قوم راجپوت پیشہ مزدوری پرائیویٹ عمر 55 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-07-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/1500 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ 10-07-01 سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ سہیل طاہر گواہ شد نمبر1 چوہدری محمد حنیف وصیت 16661 گواہ شد نمبر2 مقبول احمد وصیت 54375

مسل نمبر 105563 میں Sadika Nusrat Basra

بنت Munawar Ahmad Basra قوم بسراء پیشہ طالبعلم عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-05-01 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور وزنی 105 گرام اندازاً مالیت-/2420 یورو۔ اس وقت مجھے مبلغ-/100 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Sadika Nusrat Basra گواہ شد نمبر1 Munawar Ahmad Basra گواہ شد نمبر2 M Munir Shahzad

مسل نمبر 105564 میں محمد احسن خان

ولد محمد رشید خان قوم پٹھان پیشہ ڈرائیور عمر 40 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-03-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) رہائشی مکان برقبہ 5 مرلہ واقع ناصر آباد ربوہ اندازاً مالیت-/1800,000 (2) رہائشی پلاٹ برقبہ 10 مرلہ واقع نصیر آباد ربوہ اندازاً مالیت-/10,00,000 روپے اس وقت مجھے مبلغ-/1200 یورو ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ 10-04-01 سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ محمد احسن خان گواہ شد نمبر1 مشتاق ملک گواہ شد نمبر2 عطاالوحید عبدل

مسل نمبر 105565 میں ممتاز بیگم چوہدری

زوجہ چوہدری عظمت علی قوم گجر پیشہ خانہ داری عمر 60 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-04-25 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر بذمہ خاوند مبلغ -/1000 روپے (2) رہائشی پلاٹ برقبہ ایک کنال واقع ڈنگہ کھاریاں پاکستان اندازاً مالیت-/300,000 روپے (3) طلائی زیور وزنی 155 گرام اندازاً مالیت-/3410 یورو۔ اس وقت مجھے مبلغ-/100 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ 10-05-1 سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔ ممتاز بیگم چوہدری گواہ شد نمبر1 چوہدری عظمت علی گواہ شد نمبر2 مشتاق ملک

مسل نمبر 105566 میں اظہر عالم سوہل

ولد محمد عالم سوہل قوم سوہل پیشہ طالبعلم عمر 19 سال بیعت 1998ء ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-07-01 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/195 یورو ماہوار بصورت کنڈرگلڈ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا

رہوں گا۔اوراس پربھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظورفرمائی جاوے۔العبد۔اظہر عالم سوہل گواہ شدنمبر1 سعادت احمد خالد گواہ شدنمبر2 محمد عالم سوہل

مسل نمبر 105567 میں شیخ اطہر محمود

ولد شیخ ظفر محمود قوم شیخ پیشہ طالبعلم عمر18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ10-06-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیدادمنقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیدادمنقولہ وغیرمنقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/50 یوروماہواربصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوارآمد کا جوبھی ہوگی 1/10حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعدکوئی جائیداد یاآمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پربھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظورفرمائی جاوے۔العبد۔شیخ اطہر محمود گواہ شدنمبر1 راشد محمود گواہ شدنمبر2 ابرار احمد

مسل نمبر 105568 میں محمد عارف ورک

